سوال

(130)ایک عورت کوآپریشن کے بعد اورماہواری کی عادت سے پہلے کالاخون آیااورپھرماہواری آئی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے رحم کا آپریشن کروایا پھر آپریشن کے بعد اورماہواری کے ایام شروع ہونے سے چاریاپانچ دن پہلے اس نے سیاہ خون دیکھاجوکہ عادت کاخون نہیں تھااوراس کے متصل بعداس کوعادت کے مطابق ماہواری سات دن آئی کیاماہواری شروع ہونے سے پہلے کے ایام کووہ حیض شمارکرے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس معاملہ میں طبیبوں سے رجوع کرنا چاہیے کیونکہ بظاہراس عورت کوآنے والاخون آپریشن کا نتیجہ ہے اورجوخون آپریشن کی وجہ سے نکلے اس کا حکم حیض کا حکم نہیں ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مستحاضہ کے متعلق فرمایا:

"إِنَّمَا ذٰلِکَ عِرْقٌ"[1]"بلاشبہ یہ رگ سے نکلنے والاخون ہے۔"

اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خون اگررگ سے جاری ہوتاہے اورآپریشن سے نکلنے والاخون بھی اس میں داخل ہے تووہ حیض کاخون شمارنہیں ہوگااوراس کی وجہ سے وہ چیزیں حرام نہیں ہوں گی جوحیض کی وجہ سے حرام ہوتی ہیں۔اس صورت میں نمازواجب ہوگی اوراگرایسارمضان کے مہینہ میں ہوتوروزہ بھی واجب ہوگا۔(فضیلۃ الشیخ محمدبن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

---

[1]۔صحیح البخاری رقم الحدیث(226) صحیح مسلم رقم الحدیث(333)

ھذاماعندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر151

محدث فتویٰ